# SCHOOL BASED ASSESSMENT 2023
# MODEL PAPER
# GRADE 8
# URDU PART – A (Objective Type)

**[ Part A: 48 Marks Part B: 52 Marks Total: 100 Marks]**

**School :** ______________________________

**Tehsil :** ______________________________ **District:** ______________________________

**Student Name :** ______________________ **Section :** ______________________

**Roll Number :** ______________________ **Date :** ______________________

طلبا کے لیے عمومی ہدایات:

ا۔ماسک پہنیں اور آپس میں کم از کم 3 فٹ کا فاصلہ رکھیں۔

۲۔ غور سے پڑھیں اور تمام سوالات حل کریں ۔

۳۔ہر کثیر الانتخابی سوال کے صحیح جواب پر دائرہ لگائیں جیسا کہ نیچے دی گئی مثال میں دکھایا گیا ہے ۔

مثال : کیچڑ کی وجہ سے پھیلنے والی بیماری ہے:

(a) پولیو (b) خسرہ

(c) ڈینگی ⓓ کانگو

۴۔ اگر کسی سوال میں ایک سے زیادہ جوابات کے گرد دائرہ لگایا گیا تو کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا ۔

Result.pk

| وقت: 1 گھنٹہ | حصہ الف(کثیر الانتخابی سوالات) | کل نمبر: 48 |
|---|---|---|

ہدایات: اس پیپر میں بتیس کثیرالانتخابی سوالات دیے گئے ہیں۔ ہر سوال کے 1.5 نمبر ہیں۔

سوال نمبر 1: "سڑک بنائی جا رہی ہے۔" یہ جملہ فعل معروف کے مطابق ہو گا:

(a) مزدور سڑک بنا رہے ہیں۔ (b) سڑک بنائی جائے گی۔ (c) سڑک بن چکی ہے۔ (d) سڑک بنائی جا رہی تھی۔

سوال نمبر 2: "اختیار رکھنے والا "کہلاتا ہے:

(a) مختار (b) مختصر (c) اختصار (d) تخلیص

سوال نمبر 3: الفاظ کی کس فہرست کے ساتھ سابقہ "اَن"لگ سکتا ہے؟

(a) گنت، پڑھ، عقل، بخت (b) تھک، بخت، جان، سمجھ (c) پڑھ، جان، تھک، گنت (d) سمجھ، جان، درد، حیرت

سوال نمبر 4: الفاظ کی کس فہرست کے ساتھ لاحقہ "باز" لگ سکتا ہے؟

(a) وقت، ہوا (b) خلا، فضا (c) دغا، چال (d) باغ ، صدا

سوال نمبر 5: الفاظ کی ردیف واردرست ترتیب ہے:

(a) خطوط، طوطا، احباب، بسمل (b) بسمل، احباب، طوطا، خطوط (c) طوطا، خطوط، بسمل، احباب (d) احباب، خطوط، طوطا، بسمل

سوال نمبر 6: الفاظ کی ردیف واردرست ترتیب ہے:

(a) مضمون، تیمم، بخت، القاب (b) بخت، القاب، مضمون، تیمم (c) القاب، بخت، تیمم، مضمون (d) تیمم، القاب، بخت، مضمون

سوال نمبر 7: مذاق اڑانے کے لئے لفظ استعمال ہوتا ہے:

(a) تضحیک (b) تحقیر (c) تعظیم (d) توقیر

سوال نمبر 8: مختلف معانی والے ہم شکل الفاظ کے استعمال کی مثال ہے:

(a) میں نے ارضی مسائل کے لیے عرضی پیش کی۔
(b) یہ پارا ہے اس لیے پارہ پارہ نہ ہو سکا۔
(c) بہرا کئی سہولیات سے بہرہ مند نہ ہو سکا۔
(d) ہار کر آنے والے کو ہار نہیں پہنائے جاتے۔

سوال نمبر 9: " ادھار کے زیادہ نفع سے نقد کم قیمت میں مل جانا اچھا ہے۔" اس جملے کے لیے ضرب المثل ہے:

(a) نو نقد نہ بارہ ادھار
(b) نو نقد نہ تیرہ ادھار
(c) نو نقد نہ چودہ ادھار
(d) نو نقد نہ پندرہ ادھار

سوال نمبر 10: "علی اور حمزہ کی عمر میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کا فرق ہے۔"اس جملے میں محاورہ کے لحاظ سے درست لفظ ہے:

(a) انیس اکیس
(b) اٹھارہ بیس
(c) انیس بیس
(d) اٹھارہ اکیس

سوال نمبر 11: "آصفہ نہایت غریب تھی لیکن اسے پڑھنے کا بہت شوق تھا۔ نہایت مشکل حالات میں بھی اس نے پڑھائی جاری رکھی ۔ اس کی کوششیں رنگ لائیں اور آج اس نے ایم اے کر لیا ہے۔ آدمی اگر کسی کام کی کوشش کرتا ہے تو مقصد حاصل کر لیتا ہے۔ "سچ کہتے ہیں:

(a) ہمتِ مرداں مددِ خدا
(b) ڈوبتے کو تنکے کا سہارا
(c) اٹھ باندھ کمر کیا ڈرتا ہے
(d) پاک رہو بے باک رہو

سوال نمبر 12: "نعت پڑھی گئی۔"فعل معروف کے مطابق جملہ ہو گا:

(a) نعت پڑھی جارہی ہے۔
(b) نعت پڑھی جائے گی۔
(c) نعت پڑھی جاتی ہے۔
(d) طلحہ نے نعت پڑھی۔

سوال نمبر 13: تجنیس معنوی کے لحاظ سے درست جملہ ہے:

(a) اس نے گلاب کی ڈالی پہ نگاہ ڈالی۔
(b) ڈالی ڈالی پہ کلیاں کِھلی ہیں۔
(c) دوڑ کر وہ پسینے میں شرابور ہو گیا۔
(d) بچہ کھیلتے کھیلتے سو گیا۔

سوال نمبر 14: "عطر بیچنے والا "کہلاتا ہے:

(a) معطر
(b) عطّار
(c) طاہر
(d) مطہر

سوال نمبر 15: محاورہ کے درست استعمال پر مشتمل جملہ ہے:

(a) بھارت میں گزشتہ دنوں سے سخت سردی پڑ رہی ہے۔
(b) اولے برسنے سے بھارت کا موسم سرد پڑ گیا۔
(c) بہت زیادہ بارش سے بھارت کا موسم سرد ہو گیا۔
(d) جنگ میں شکست کے بعد بھارت کا رویہ سرد پڑ گیا۔

Result.pk

سوال نمبر 16: "بہت زیادہ چھان بین کرنا" کے لیے درست محاورہ ہے:

(a) وہ چھوٹی چھوٹی باتوں پر بال کی کھال اتارنے لگ جاتا ہے۔
(b) وہ چھوٹی چھوٹی باتوں پرہاتھوں کے ناخن اتارنے لگ جاتا ہے۔
(c) وہ چھوٹی چھوٹی باتوں پر سر کے بال منڈانے لگ جاتا ہے۔
(d) وہ چھوٹی چھوٹی باتوں پرکھال کے بال اتارنے لگ جاتا ہے۔

سوال نمبر 17: الفاظ کی کس فہرست کے ساتھ سابقہ "اَن"آئے گا؟

(a) پڑھ، مول، گنت
(b) مول، جان، ہنر
(c) گنت، مال، خط
(d) جان، علم، فن

سوال نمبر 18: الفاظ کی کس فہرست کے ساتھ لاحقہ "زدہ"لگے گا؟

(a) سیلاب، غم، حاجت
(b) مصیبت،خوف، آفت
(c) دولت، آفت،فاقہ
(d) غم،زور،فاقہ

سوال نمبر 19: روزمرہ کے لحاظ سے درست جملہ ہے:

(a) فقیر صدا پکار رہا ہے۔
(b) فقیر نے صدا پکاری۔
(c) فقیر نے صدا لگائی۔
(d) فقیر نے صدا مانگی۔

سوال نمبر 20: "اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ بنانا" سے مراد ہے:

(a) اپنا کام سب سے الگ تھلگ کرنا۔
(b) مسجد کی بنیادیں رکھنا
(c) ہوشیاری سے کام کرنا
(d) بہت بڑی مسجد تعمیر کرنا

سوال نمبر 21: ارشد اپنے محلے کے دوستوں میں یہ کہتا رہتا ہے کہ ہمیں فضول خرچی نہیں کرنی چاہیے لیکن وہ سکول کے دوستوں کے ساتھ اکثر مہنگے ریستوران میں کھانا کھاتا ہے۔ اس صورت حال کے لیے ارشد پر قول/کہاوت صادق آتی ہے:

(a) خود میاں فضیحت اوروں کو نصیحت
(b) گھر کی مرغی دال برابر
(c) مان نہ مان میں تیرا مہمان
(d) یار زندہ صحبت باقی

سوال نمبر 22: زندگی کی مہارتیں سیکھنے کا بہترین وقت ہے:

(a) بچپن (b) جوانی (c) ادھیڑ عمر (d) بڑھاپا

سوال نمبر 23: " آم کھایا گیا۔ " یہ جملہ فعل معروف کے مطابق ہو گا:

(a) آم کھایا جائے گا۔ (b) آم کھایا جا چکا ہے۔ (c) آم کھایا جا چکا تھا۔ (d) احمد نے آم کھایا۔

سوال نمبر 24: "ہمیشہ خادم ہی مخدوم بنتاہے۔" ایسے موقع پر کہی جانے والی کہاوت ہے:

(a) سو سنار کی ، ایک لوہار کی (b) سیوا بن میوہ نہیں (c) شکر خورے کو خدا شکر دیتا ہے۔ (d) زبر دست کا ٹھینگا سر پر

سوال نمبر 25: "پابندی اٹھا لی جائے گی۔" فعل معروف کے مطابق یہ جملہ ہو گا:

(a) حکومت پابندی اٹھا لے گی۔ (b) پابندی اٹھا لی گئی تھی۔ (c) پابندی اُٹھائی جا چکی ہے۔ (d) پابندی اٹھا لی گئی ہے۔

سوال نمبر 26: "بالی" سے مراد ہے:

(a) گندم کا خوشہ (b) سبزہ (c) درخت (d) تازہ شگوفہ

سوال نمبر 27: کس جملہ میں تجنیسِ معنوی کا درست استعمال ہوا ہے؟

(a) ہر طرف مٹی ہی مٹی تھی۔ (b) گاڑی کے ساتھ گاڑی نہ لگائیں۔

(c) دودھ کا دودھ پانی کاپانی (d) کھانا تیار ہے مگر میں کھانا نہیں چاہتا۔

پیرا گراف ہدایات *

مندرجہ ذیل پیرا گراف پڑھ کرنیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

سائنسی علوم میں بنیادی مقصد نئی ایجادات اور دریافتیں ہیں ،جن کے ذریعے دنیا کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے اور زندگی گزارنے کے نت نئے وسائل مہیا کیے جاتے ہیں ۔سائنسی علوم انسانوں کوروزمرہ زندگی گزارنے کے آداب اور طریقوں سے آگاہ نہیں کرتے،کیوں کہ یہ ان کے دائرہ کار سے باہر ہیں۔یہ کام ادب کرتاہےاورانسانوں کوروزمرہ زندگی گزارنےکےآداب سے آشنا کرتا ہے۔ادب کی اہمیت وافادیت اس سے بھی ظاہرہے کہ تھکے ماندے ذہنوں کو اس کے مطالعے سے فرحت وشادمانی میسر آتی ہےاور انسان ادب کے مطالعے کے بعدپھر سے تازہ دم ہوکرامور زندگی سرانجام کے قابل ہوجاتاہے۔ادب انسانی معاشرے میں بہترین اقدار کی پاس داری کی ضمانت ہے۔ادب کے مطالعے سے ہم خیر اور شر میں تمیزکرنے کے اہل ہوتے ہیں اور معاشرتی تقاضوں کو سمجھتے ہوئے بہتر زندگی گزارنے کے اصول سے آگاہ رہتے ہیں۔اگر ادب نہ ہوتومعاشرہ محض مشینی انداز اختیار کرلے اور زندگی کی عام خوشیاں انسان سے دور ہوجائیں۔علامہ محمد اقبالؒ نے اسی حوالے سے کہا ہے:

ہے دل کے لیے موت مشینوں کی حکومت

احساس مروت کو کچل دیتے ہیں آلات

Result.pk

سوال نمبر 28 : موجودہ دور میں معاشرتی اقدار کو بہتر بنانے کے لیے بہت زیادہ ضرورت ہے:

(d) مشینوں کی (c) دریافتوں کی (b) ایجادات کی (a) احساس کی

سوال نمبر 29 : زندگی گزارنے کے لیے مختلف وسائل مہیا کرنے میں اہم کردار ہے:

(d) فلسفہ کا (c) سائنس کا (b) نفسیات کا (a) ادب کا

سوال نمبر 30 : ادب کے مطالعہ سے ہم سیکھ سکتے ہیں:

(d) معاشی پالیسیاں (c) جنگی حکمت عملی (b) اصول زندگی (a) سائنسی ایجادات

سوال نمبر 31 : انسانی روح کس طرح کے مطالعہ سے تروتازہ ہوسکتی ہے؟

(d) نفسیاتی (c) فلسفیاتی (b) ادبی (a) سائنسی

سوال نمبر 32 : اگر ادب نہ ہو تو معاشرہ اختیار کرسکتاہے:

(d) بے مروتی (c) لحاظ (b) خوشحالی (a) عقل مندی

Result.pk